نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب
21- سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرِاعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر وزیرِ زراعت کا ساہیوال ڈویژن کا دورہ، گندم کی کاشت کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کی

لاہور 03نومبر 2025( ) وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ساہیوال ڈویژن کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران کمشنر آفس ساہیوال میں گندم کی کاشت کے حوالے سے ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس کی صدارت صوبائی وزیرِ زراعت نے کی۔

اجلاس میں ارشد ملک ایم پی اے، ملک قاسم ندیم ایم پی اے، کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل اور ڈپٹی کمشنر ساہیوال سمیت محکمہ زراعت کے متعلقہ افسران نے شرکت کی جبکہ ڈویژن کے دیگر اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔

وزیرِ زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں 62 لاکھ میٹرک ٹن گندم کے سٹریٹجک ذخائر کے لیے خریداری کریں گی۔انہوں نے کہا کہ کاشتکاروں کے لیے گندم آسان اور منافع بخش فصل ہے جبکہ مقامی ضروریات کے پیشِ نظر اس کی ڈیمانڈ میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ وزیر زراعت نے بتایا کہ پنجاب میں رواں سیزن کے دوران گندم کی کاشت کا ہدف 1 کروڑ 65 لاکھ ایکڑ مقرر کیا گیا ہےساہیوال ڈویژن میں گندم کی کاشت کا ہدف 8 لاکھ 36 ہزار ایکڑ مقرر کیا گیا ہے جبکہ سرکاری رقبوں پر سو فیصد گندم کی کاشت یقینی بنائی جائے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ مارکیٹوں میں گندم کا تصدیق شدہ بیج 5500 روپے فی بیگ کے نرخ پر دستیاب ہے اور منظور شدہ اقسام کے بیج کی کاشت کے بارے میں کاشتکاروں کو مکمل رہنمائی فراہم کی جا رہی ہے۔ کھادیں بھی اصل قیمتوں سے کم نرخوں پر وافر مقدار میں موجود ہیں۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب نے تمام ڈویژنل اور ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ سرکاری اراضی پر گندم کی کاشت ہر صورت یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ اور محکمہ زراعت کی فیلڈ فارمیشنز گندم بوائی مہم کے سلسلے میں اپنے روابط مزید مضبوط بنائیں۔

کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل نے کہا کہ ڈویژنل و ضلعی انتظامیہ گندم کی کاشت کے سلسلے میں فعال اور عملی کردار ادا کر رہی ہے تاکہ گندم کی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ یقینی بنایا جا سکے۔

بعد ازاں صوبائی وزیرِ زراعت سید عاشق حسین کرمانی نے سیکرٹری زراعت افتخار علی سہو کے ہمراہ ماڈل ایگریکلچر مال ساہیوال کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے آپریشنل سرگرمیوں کا جائزہ لیا اور کاشتکاروں کو فراہم کی جانے والی سہولتوں کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔

وزیرِ زراعت پنجاب نے موقع پر شہریوں میں کچن گارڈننگ سیڈ کٹس مفت تقسیم کیں اور کہا کہ
شہری علاقوں میں گھریلو سطح پر سبزیاں اگانے کا رجحان فروغ پا رہا ہے، جو خوش آئند ہے- 5
کروڑ روپے کی لاگت سے سینجنٹا
پاکستان کی نے بھی سیلاب متاثرین میں زرعی ادویات اور حفاظتی کٹس کی تقسیم کا آغاز کیا۔